نحنُ انصاراللہ

مجلس انصاراللہ کینیڈا کا تعلیمی، تربیتی اور دینی مجلّہ
جولائی 2024ء

اقتباس

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:۔

”حقیقت تو یہ ہے کہ جیسا کہ میں نے بتایا ہے کہ ہماری جماعت میں ابھی مالدار لوگ داخل نہیں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ جلدی سے جانے کے لئے جو وسائلِ سفر ہیں وہ اتنا خرچ چاہتے ہیں کہ بیرونی ممالک کے احمدیوں کے لئے ان ایام میں قادیان پہنچنا مشکل ہے۔ لیکن اگر کسی زمانہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑے بڑے مالدار ہماری جماعت میں شامل ہو جائیں یا سفر کے جو اخراجات ہیں ان میں بہت کچھ کمی ہو جائے اور ہر قسم کی سہولت لوگوں کو میسر آجائے تو دنیا کے ہر گوشہ سے لوگ اس موقع پر آئیں گے۔ اگر کسی وقت امریکہ میں ہماری جماعت کے مالدار لوگ ہوں اور وہ آمد و رفت کے لئے روپیہ خرچ کر سکیں تو حج کے علاوہ ان کے لئے یہ امر بھی ضروری ہو گا کہ وہ اپنی عمر میں ایک دو دفعہ قادیان بھی جلسہ سالانہ کے موقع پر آئیں۔ کیونکہ یہاں علمی برکات میسر آتی ہیں اور مرکز کے فیوض سے لوگ بہرہ ور ہوتے ہیں اور میں تو یقین رکھتا ہوں کہ ایک دن آنے والا ہے جبکہ دور دراز ممالک کے لوگ یہاں آئیں گے۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک رؤیا ہے جس میں آپ نے دیکھا کہ آپ ہوا میں تیر رہے ہیں اور فرماتے ہیں ”عیسیٰ تو پانی پر چلتے تھے اور میں ہوا پر تیر رہا ہوں اور میرے خدا کا فضل ان سے بڑھ کر مجھ پر ہے۔“ (تذکرہ صفحہ 544۔ ایڈیشن چہارم) اس رؤیا کے ماتحت میں سمجھتا ہوں وہ زمانہ آنے والا ہے کہ جس طرح قادیان کے جلسہ پر کبھی یکے سڑکوں کو گھسا دیتے تھے اور پھر موٹریں چل چل کر سڑکوں میں گڑھے ڈال دیتی تھیں اور اب ریل سواریوں کو کھینچ کھینچ کر قادیان لاتی ہے، اِسی طرح کسی زمانہ میں جلسہ کے ایام میں تھوڑے تھوڑے وقفہ پر یہ خبریں بھی ملا کریں گی کہ ابھی ابھی فلاں مُلک سے اتنے ہوائی جہاز آئے ہیں۔ یہ باتیں دنیا کی نظروں میں عجیب ہیں مگر خدا تعالیٰ کی نظر میں عجیب نہیں۔ خدا کا یہ فیصلہ ہے کہ وہ اپنے دین کے لئے مکہ اور مدینہ کے بعد قادیان کو مرکز بنانا چاہتا ہے۔“

(خطبہ جمعہ فرمودہ 10/ دسمبر 1937ء مطبوعہ الفضل 18/ دسمبر 1937ء)

ISSN 2560-886X (Print) ISSN 2560-8878 (Online) بین الاقوامی اشاعت حوالہ نمبر
editor@ansar.ca / ishaat@ansar.ca / Tel: 905-417-1800 : رابطہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

قال اللہ عزّ وجل

وَلَا تَمُدَّنَّ عَینَیکَ اِلٰی مَا مَتَّعْنَا بِہ اَزوَاجًا مِّنۡہُمۡ زَھۡرَۃَ الۡحَیٰوۃِ الدُّنیَا لِنَفتِنَہُمۡ فِیہ ؕوَرِزۡقُ رَبِّکَ خَیرٌ وَّاَبقٰی O وَامُرۡ اَھلَکَ بِالصَّلٰوۃِ وَاصطَبِرۡ عَلَیۡہَا ؕلَا نَسۡـَٔلُکَ رِزۡقًا ؕنَحنُ نَرۡزُقُکَ ؕوَالعَاقِبَۃُ لِلتَّقوٰی O

(سورۃ طٰہٰ:123،133)

ترجمہ:اور ہم نے جو کچھ ان میں سے بعض لوگوں کو دنیوی زندگی کی زیبائش کے سامان دے رکھے ہیں تو اس کی طرف اپنی دونوں آنکھوں کی نظر کو پھیلا پھیلا کر مت دیکھ' (کیونکہ یہ سامان ان کو اس لئے دیا گیا ہے) کہ ہم اس کے ذریعہ سے ان کی آزمائش کریں' اور تیرے رب کا دیا ہوا رزق سب سے اچھا اور باقی رہنے والا ہے۔ اور تو اپنے اہل کو نماز کی تاکید کرتا رہ اور تو خود بھی اس (نماز) پر قائم رہ۔ ہم تجھ سے رزق نہیں مانگتے' بلکہ ہم تجھے رزق دے رہے ہیں اور انجام تقویٰ ہی کا بہتر ہوتا ہے۔

تفسیر: حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں:

''یہ قانون قدرت ہے کہ بچے ماں باپ کے پیچھے چلتے ہیں اس لئے عیسائیوں کی ترقی کے زمانہ میں ہر مسلمان کو چاہیے کہ اپنی اولاد کو نماز کی تاکید کرتا رہے اور خود بھی نمازوں کا پابند رہے تا کہ اس کی اولاد بھی اسی رنگ میں رنگین ہو کیونکہ جو شخص عبادت پر قائم رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ضرور حلال رزق دیتا ہے اور اس سے رزق مانگتا نہیں۔ بظاہر یہ بات غلط معلوم ہوتی ہے کیونکہ تمام انبیاء دین کی خدمت کے لئے چندے مانگتے چلے آئے ہیں اور اسلام نے بھی زکوۃ اور صدقات پر خصوصیت سے زور دیا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ جو لوگ زکوۃ یا صدقہ میں اپنے اموال خرچ کرتے ہیں انکا مال کم نہیں ہوتا بلکہ ہمیشہ بڑھتا ہے۔ اور اس کا فائدہ خود لوگوں کو ہی پہنچتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ مَا اٰتَیۡتُمۡ مِنۡ زَلٰوۃٍ تُرِیۡدُوۡنَ وَجۡہَ اللّٰہِ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡمُضۡعِفُوۡنَ (الروم:40) یعنی جو لوگ اللہ تعالیٰ کی خاطر اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں۔ وہی اپنے مالوں کو بڑھانے والے ہوتے۔ پس چندے لینا یا صدقہ وزکوۃ وغیرہ اس آیت کے خلاف نہیں۔''

(تفسیر کبیر جلد ہفتم صفحہ 583،584)

قال الرسول ﷺ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِی سَعِيدٍ يَشْهَدَانِ بِهِ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ قَالَ "مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا يَذْكُرُونَ اللّٰهَ فِيهِ إِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلاَئِكَةُ وَتَغَشَّتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَتَنَزَّلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ"

(سنن ابن ماجه کتاب الادب)

حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابوسعیدؓ دونوں گواہی دیتے ہیں کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جب بھی کچھ لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی خاطر مجلس لگاتے ہیں تو فرشتے اس مجلس کو اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں اور رحمت بھی ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور ان پر سکینت نازل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے پاس موجود وجودوں میں ایسے لوگوں کا ذکر کرتا ہے۔

کلام المہدی علیہ السلام

”نیکیاں بدیوں کو زائل کر دیتی ہیں۔ پس ان حسنات کو اور لذات کو دل میں رکھ کر دعا کرے کہ وہ نماز جو صدیقوں اور محسنوں کی ہے وہ نصیب کرے۔ یہ جو فرمایا ہے کہ اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْھِبْنَ السَّیِّاٰتِ یعنی نیکیاں یا نماز بدیوں کو دور کرتی ہے یا دوسرے مقام پر فرمایا ہے کہ نماز فواحش اور برائیوں سے بچاتی ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ بعض لوگ باوجود نماز پڑھنے کے پھر بدیاں کرتے ہیں اس کا جواب یہ ہے کہ وہ نماز پڑھتے ہیں مگر نہ روح اور راستی کے ساتھ۔ وہ صرف رسم اور عادت کے طور پر ٹکریں مارتے ہیں ان کی روح مردہ ہے اللہ تعالیٰ نے ان کا نام حسنات نہیں رکھا اور یہاں جو حسنات کا لفظ رکھا اور الصلوٰۃ کا لفظ نہیں رکھا باوجودیکہ معنی وہی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تا نماز کی خوبی اور حسن و جمال کی طرف اشارہ کرے کہ وہ نماز بدیوں کو دور کرتی ہے جو اپنے اندر ایک سچائی کی روح رکھتی ہے اور فیض کی تاثیر اس میں موجود ہے۔ وہ نماز یقیناً یقیناً برائیوں کو دور کر دیتی ہے۔“

(تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد چہارم صفحہ 389)

کلام الامام ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

’’ایک مومن کی ایک یہ شان ہے کہ نہ صرف خود نمازوں کا اہتمام کرے بلکہ دوسروں کو بھی تلقین کرتا رہے۔ جماعتی نظام بھی ایک خاندان کی طرح ہے۔ اس میں ہر ایک کو اپنے ساتھ اپنے بھائی کی بھی فکر کرنی چاہئے۔ جو چیز اپنے لئے پسند کرتا ہے، اپنے عزیزوں کے لئے بھی پسند کرنی چاہئے۔ یہ ثواب کمانے اور نیکی پھیلانے کا ذریعہ ہے۔ لیکن پیار سے توجہ دلانی چاہئے۔ جس کو توجہ دلائی جارہی ہو اس کو بھی بُرا نہیں منانا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا (سورۃ طٰہٰ:133)

اور تُو اپنے اہل کو نماز کی تلقین کرتا رہ اور خود بھی نماز پر قائم رہ۔ پس جہاں ماں باپ، بہن بھائیوں کو ایک دوسرے کو نماز کی تلقین کرنی چاہئے وہاں پر ہر احمدی کو دوسرے احمدی کو بھی پیار سے اور نظام جماعت جو اس کام پر مامور ہے ان کو بھی دوسروں کو نمازوں کی طرف توجہ دلاتے رہنا چاہئے۔ یہی چیز ہے جو مومنین کی جماعت کو مضبوطی عطا کرتی ہے۔ یہی چیز ہے جس سے بندے اور خدا کے درمیان ایک تعلق قائم ہوتا ہے جو بندے کو خدا کے قریب کرتا ہے اور یہ تعلق اس لئے نہیں کہ دنیاوی مقاصد حاصل کرنے ہیں بلکہ اصل مقصد روحانیت میں ترقی کرنا اور خدا کا قُرب پانا ہے۔

پس جب اس مقصد کے حصول کے لئے ایک دوسرے کو توجہ دلا رہے ہوں گے تو اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کو سمیٹنے والے بن رہے ہوں گے اور جماعتی مضبوطی بھی پیدا ہو رہی ہو گی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے شرط وہی لگائی کہ خود بھی نمازوں کی طرف توجہ کرو۔ اپنے عمل کی شرط ضروری ہے۔‘‘

(خطبہ جمعہ 13/ جولائی 2007ء مطبوعہ الفضل انٹرنیشنل 27/ جولائی 2007ء)

جلسہ سالانہ خدا تعالیٰ کا ایک نشان حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں:-

’’سالانہ جلسہ خدا تعالیٰ کا نشان ہے اور خدا کی طرف سے ہمارے سلسلہ کی ترقی کے سامانوں میں سے ایک سامان ہے، جس کی ایک دلیل تو یہ ہے کہ جو غیر احمدی دوست جلسہ پر آتے ہیں ان میں سے اکثر بیعت کر کے ہی واپس جاتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جلسہ سے کچھ ایسی برکات وابستہ ہیں کہ جو لوگ اسے دیکھتے ہیں وہ متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔‘‘

(خطبہ جمعہ فرمودہ 15/ نومبر 1929ء مطبوعہ خطباتِ محمود جلد 12 صفحہ 195)

فارسی منظوم کلام

حضرت مسیح موعود علیہ السلام

در انصارِ نبیؐ بنگر کہ چوں شد کار تا دانی
کہ از تائید دیں سرچشمۂ دولت شود پیدا

آنحضرت ﷺ کے انصار کی طرف دیکھ کہ کس طرح انہوں نے کام کیا تا کہ تجھے پتہ لگے کہ دین کی مدد کرنے سے دولت کا منبع پیدا ہو جاتا ہے

بجو از جان و دل تا خدمتے از دستِ تو آید
بقائے جاوداں یابی گر ایں شربت شود پیدا

دل و جان سے کوشش کر تا کہ تیرے ہاتھوں سے کوئی خدمت اسلام ہو جائے اگر یہ شربت پیدا ہو جائے تو تُو بقائے دوام حاصل کر لے گا

بمفت ایں اجر نصرت را دہندت اے اخی ورنہ
قضائے آسمان ست ایں بہر حالت شود پیدا

اے بھائی مفت میں تجھے نصرت کا یہ بدلہ دے رہے ہیں ورنہ یہ تو آسمانی فیصلہ ہے جو ضرور ہو کر رہے گا۔

می بینم کہ دادار قدیر و پاک می خواہد
کہ باز آں قوت اسلام و آں شوکت شود پیدا

میں تو یہ دیکھ رہا ہوں کہ قادر و قدوس خدا کا منشا یہ ہے کہ اسلام کی وہ قوت اور وہ شوکت پھر پیدا ہو جائے

کریما صد کرم کن بر کسے کو ناصر دین است
بلائے او بگرداں گر گہے آفت شود پیدا

اے خداوند کریم سینکڑوں مہربانیاں اس شخص پر جو دین کا مددگار ہے اگر کبھی آفت آئے تو اس کی مصیبت کو ٹال دے

چناں خوش دار او را اے خدائے قادر مطلق
کہ در ہر کاروبار و حال او جنت شود پیدا

اے خداوند قادر مطلق اسے ایسا خوش رکھ کہ اس کی حالت اور سب کاروبار میں ایک جنت پیدا ہو جائے

(درثمین فارسی حصہ اول صفحہ 262، 362)

نظام وصیت

(غلام مصباح بلوچ۔ نائب صدر صف دوم مجلس انصار اللہ کینیڈا)

موجودہ زمانے میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے الہام الٰہی کی بنیاد پر ایک عظیم الشان نظام کی بنیاد رکھی اور اُسے نظام وصیت کا نام دیا۔ آپؑ نے رسالہ الوصیت میں اس عظیم الشان نظام کے اغراض و مقاصد بیان فرمائے ہیں اور اس الٰہی نظام کو قرب الٰہی اور رحمت الٰہی پانے کا ذریعہ بتایا ہے اور اس نظام میں شامل ہونے والوں کے لیے بڑے تکرار کے ساتھ دعائیں کی ہیں۔ گویا کہ یہ نظام مندرجہ بالا قرآنی آیات کا حامل نظام ہے، حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”یقیناً یاد رکھو کہ خدا تعالیٰ کے نزدیک وہی مومن اور بیعت میں داخل ہوتا ہے جو دین کو دنیا پر مقدّم کر لے.... اسی غرض سے یہ اشتہار (الوصیت) مَیں نے خدا تعالیٰ کے اذن سے دیا ہے..... مَیں نے اللہ تعالیٰ ہی کے اشارہ سے یہ اشتہار دیا کہ آئندہ کے لیے اشاعتِ دین کا سامان ہو اور تا لوگوں کو معلوم ہو کہ آمنّا و صدّقنا کہنے والوں کی عملی حالت کیا ہے۔“

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 594)

ذیل میں نظام وصیت کے متعلق حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے بعض اقتباسات درج کیے جاتے ہیں جن سے اس بابرکت نظام کی فضیلت واہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ آپؑ نے اس نظام میں شامل ہونے والوں کے لیے بہت دعائیں کی ہیں، آپؑ فرماتے ہیں:

”.... میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اس میں برکت دے اور اسی کو بہشتی مقبرہ بنادے اور یہ اس جماعت کے پاک دل لوگوں کی خواب گاہ ہو جنہوں نے درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم کر لیا اور دنیا کی محبت چھوڑ دی اور خدا کے لئے ہو گئے اور پاک تبدیلی اپنے اندر پیدا کر لی اور رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کی طرح وفاداری اور صدق کا نمونہ دکھلایا۔ آمین یا ربّ العالمین۔

پھر مَیں دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر خدا اس زمین کو میری جماعت میں سے اُن پاک دلوں کی قبریں بنا جو فی الواقع تیرے لئے ہو چکے اور دنیا کی اغراض کی ملونی اُن کے کاروبار میں نہیں۔ آمین یا ربّ العالمین۔

پھر مَیں تیسری دفعہ دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر کریم اے خدائے غفور و رحیم تو صرف اُن لوگوں کو اس جگہ قبروں کی جگہ دے جو تیرے اس فرستادہ پر سچا ایمان رکھتے ہیں اور کوئی نفاق اور غرض نفسانی اور بدظنی اپنے اندر نہیں رکھتے اور جیسا کہ حق ایمان اور اطاعت کا ہے بجا لاتے ہیں اور تیرے لئے اور تیری راہ میں اپنے دلوں میں جان فدا کر چکے ہیں جن سے تُو راضی ہے اور جن کو تُو جانتا ہے کہ وہ بکلّی تیری محبت میں کھوئے گئے اور تیرے فرستادہ سے وفاداری اور پورے ادب اور انشراحی ایمان کے ساتھ محبت اور جانفشانی کا تعلق رکھتے ہیں۔ آمین یا ربّ العالمین“

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 316 تا 318)

پھر فرمایا:

”اور چونکہ اس قبرستان کے لئے بڑی بھاری بشارتیں مجھے ملی ہیں اور نہ صرف خدا نے یہ فرمایا کہ یہ مقبرہ بہشتی ہے بلکہ یہ بھی فرمایا کہ اُنْزِلَ فِیْھَا کُلُّ رَحْمَةٍ یعنی ہر ایک قسم کی رحمت اِس قبرستان میں اُتاری گئی ہے اور کسی قسم کی رحمت نہیں جو اس قبرستان والوں کو اُس سے حصہ نہیں۔“

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 318)

اَمن کی حالت میں وصیت:

”بلاؤں کے دن قریب ہیں، اس لئے خدا تعالیٰ کے نزدیک ایسے وقت میں وصیت لکھنے والا بہت درجہ رکھتا ہے جو اَمن کی حالت میں وصیت لکھتا ہے اور اس وصیت کے لکھنے میں جس کا مال دائمی مدد دینے والا ہو گا اُس کو دائمی ثواب ہو گا اور خیرات جاریہ کے حکم میں ہو گا۔“

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 320)

تااُن کے کارنامے قوم پر ظاہر ہوں: ’’واضح ہو کہ خدا تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ ایسے کامل الایمان ایک ہی جگہ دفن ہوں تا آئندہ کی نسلیں ایک ہی جگہ اُن کو دیکھ کر اپنا ایمان تازہ کریں اور تااُن کے کارنامے یعنی جو خدا کے لئے انہوں نے دینی کام کئے ہمیشہ کے لئے قوم پر ظاہر ہوں۔

بالآخر ہم دعا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ اس کام میں ہر ایک مخلص کو مدد دے اور ایمانی جوش ان میں پیدا کرے اور اُن کا خاتمہ بالخیر کرے۔آمین‘‘

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20 صفحہ321)

نادان اس انتظام کو بدعت نہ سمجھے:

’’ کوئی نادان اِس قبرستان اور اس انتظام کو بدعت میں داخل نہ سمجھے کیونکہ یہ انتظام حسب وحی الٰہی ہے انسان کا اس میں دخل نہیں۔ اور کوئی یہ خیال نہ کرے کہ صرف اس قبرستان میں داخل ہونے سے کوئی بہشتی کیونکر ہو سکتا ہے کیونکہ یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ زمین کسی کو بہشتی کر دے گی بلکہ خدا کے کلام کا یہ مطلب ہے کہ صرف بہشتی ہی اس میں دفن کیا جائے گا‘‘

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20 حاشیہ صفحہ321)

پابند احکام اسلام ہو:

’’یاد رہے کہ صرف یہ کافی نہ ہو گا کہ جائیداد منقولہ اور غیر منقولہ کا دسواں حصہ دیا جائے بلکہ ضروری ہو گا کہ ایسا وصیّت کرنے والا جہاں تک اس کے لئے ممکن ہے پابند احکام اسلام ہو اور تقویٰ طہارت کے امور میں کوشش کرنے والا ہو اور مسلمان خدا کو ایک جاننے والا اور اُس کے رسول پر سچا ایمان لانے والا ہو اور نیز حقوق عباد غصب کرنے والا نہ ہو۔‘‘

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20 صفحہ324)

ایمانداری پر مُہر:

’’ہم خود محسوس کرتے ہیں کہ جو لوگ اس الٰہی انتظام پر اطلاع پا کر بلا توقف اس فکر میں پڑتے ہیں کہ دسواں حصہ کُل جائداد کا خدا کی راہ میں دیں بلکہ اس سے بھی زیادہ اپنا جوش دکھلاتے ہیں وہ اپنی ایمانداری پر مُہر لگا دیتے ہیں۔‘‘

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20 صفحہ327)

خدا کی اُن پر رحمتیں ہوں گی:

’’اس کام میں سبقت دکھلانے والے راستبازوں میں شمار کیے جائیں گے اور ابد تک خدا کی اُن پر رحمتیں ہوں گی۔‘‘

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20 صفحہ328)

قبرستان میں دفن ہونے والوں کے لیے تین شرائط:

’’(1).... پہلی شرط یہ ہے کہ ہر ایک شخص جو اس قبرستان میں مدفون ہونا چاہتا ہے وہ اپنی حیثیت کے لحاظ سے ان مصارف کے لئے چندہ داخل کرے.... ایک انجمن چاہیے کہ ایسی آمدنی کا روپیہ جو وقتاً فوقتاً جمع ہوتا رہے گا۔اعلائے کلمہ اسلام اور اشاعت توحید میں جس طرح مناسب سمجھیں خرچ کریں۔

(2) دوسری شرط یہ ہے کہ تمام جماعت میں سے اِس قبرستان میں وہی مدفون ہو گا جو یہ وصیّت کرے جو اُس کی موت کے بعد دسواں حصہ اُس کے تمام ترکہ کا حسب ہدائت اس سلسلہ کے اشاعت اسلام اور تبلیغ احکام قرآن میں خرچ ہو گا اور ہر ایک صادق کامل الایمان کو اختیار ہو گا کہ اپنی وصیّت میں اس سے بھی زیادہ لکھ دے لیکن اس سے کم نہیں ہو گا....

(3) تیسری شرط یہ ہے کہ اس قبرستان میں دفن ہونے والا متقی ہو اور محرمات سے پرہیز کرتا اور کوئی شرک اور بدعت کا کام نہ کرتا ہو سچا اور صاف مسلمان ہو۔‘‘

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20 صفحہ319،320)

کاش میں تمام جائداد خدا کی راہ میں دے دیتا:

’’جس نے دنیا سے محبت کر کے اس حکم کو ٹال دیا ہے وہ عذاب کے وقت آہ مار کر کہے گا کہ کاش میں تمام جائداد کیا منقولہ اور کیا غیر منقولہ خدا کی راہ میں دے دیتا اور اس عذاب سے بچ جاتا۔ یاد رکھو کہ اس عذاب کے معائنہ کے بعد ایمان بے سُود ہو گا اور صدقہ خیرات محض عبث۔ دیکھو! میں بہت قریب عذاب کی تمہیں اطلاع دیتا ہوں اپنے لئے وہ زاد جلد تر جمع کرو کہ کام آوے۔ میں یہ نہیں چاہتا کہ تم سے کوئی مال لوں اور اپنے قبضہ میں کر لوں بلکہ تم اشاعتِ دین کے لئے ایک انجمن کے حوالہ اپنا مال کرو گے اور بہشتی زندگی پاؤ گے۔ بہتیرے ایسے ہیں کہ وہ دنیا سے محبت کر کے میرے حکم ٹال دیں گے مگر بہت جلد دنیا سے جدا کئے جائیں گے تب آخری وقت میں کہیں گے هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ۔ والسلام علیٰ من اتّبع الھدیٰ۔

الراقم خاکسار

میرزا غلام احمدؑ خدا تعالیٰ کی طرف سے مسیح موعود‘‘

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20 صفحہ328)

نہ صرف یہ کہ حضرت اقدس علیہ السلام نے اس الٰہی نظام کو خود مشتہر کیا بلکہ اپنی جماعت کو بھی اس نظام کی تشہیر اور اشاعت کی تلقین فرمائی چنانچہ حضور علیہ السلام ’’الوصیت‘‘ کے متعلق اسی رسالے میں فرماتے ہیں:

’’مناسب ہے کہ ہر ایک صاحب ہماری جماعت میں سے جن کو یہ تحریر ملے وہ اپنے دوستوں میں اُس کو مشتہر کریں اور جہاں تک ممکن ہو اس کی اشاعت کریں اور اپنی آئندہ نسل کے لئے اس کو محفوظ رکھیں۔‘‘

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد20 صفحہ321)

کوچہء دلدار کی باتیں

محمد داود اسمعیل، ناظم اعلیٰ علاقہ، ویسٹرن کینیڈا

خاکسار نے مجلس انصار اللہ کینیڈا کی نیشنل عاملہ کے ساتھ مورخہ 15 تا 20 مئی 2024ء حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی غرض سے برطانیہ کا سفر اختیار کیا، گوکہ اس سفر کا اصل مقصد ومنتہا تو اپنے پیارے آقا کا دیدار اور اُن سے ملاقات کا شرف حاصل کرنا تھا، مگر اس سفر میں کچھ دیگر پروگرام بھی شامل تھے، خاکسار قارئین کی خدمت میں اس سفر کا کچھ احوال پیش کرتا ہے۔

اس سفر اور ملاقات کا پس منظر کچھ یوں ہے کہ محترم صدر صاحب نے جب دفتری ملاقات کے سلسلے میں حضور انور سے ملاقات کی تو دیگر امور کے علاوہ صدر صاحب نے اس خواہش کا اظہار بھی فرمایا کہ اگر حضور مناسب سمجھیں تو مجلس انصار اللہ کینیڈا کی نیشنل مجلس عاملہ آپ سے ملاقات کا شرف حاصل کرنے کے لئے آنا چاہتی ہے، جس پر حضور انور نے از راہ شفقت فرمایا، کہ پروگرام کی مجوزہ تاریخیں بھجیں ،اس کے بعد فیصلہ کروں گا، لہٰذا کینیڈا واپس آنے کے بعد صدر صاحب نے اس بات کا تذکرہ مجلس عاملہ کی میٹنگ میں کیا اور مشاورت سے تین مختلف تاریخیں حضور انور کی خدمت میں پیش کی گئی جس کے بعد پیارے آقا نے 19 مئی 2024ء کی تاریخ کو ملاقات کی اجازت دی۔ ملاقات کی اجازت اور تاریخ کا پتہ چلنے پر ایک گرمجوشی کا ماحول پیدا ہوگیا اور ہر ایک کی یہ خواہش تھی کہ جلد از جلد ٹکٹیں بک کروا کر کوچہ دلدار تک جا پہنچے، مگر وہ کہتے ہیں نا" ابھی عشق کے امتحان اور بھی ہیں" تو سب سے پہلے تو دفتر میں مطلوبہ تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست اور پھر ٹکٹوں کی بکنگ، آج کل تو فضائی سفر ویسے بھی جوئے شیر لانے کے مترادف ہوگیا ہے، ہوشربا قیمتیں ایک لمحے کو تو واقعی حواس باختہ کر دیتی ہیں مگر صبر اور حوصلہ کا دامن پکڑے رہیں تو کوئی نہ کوئی اچھی ڈیل مل ہی جاتی ہے۔ چونکہ خاکسار کی رہائش ایڈمنٹن البرٹا میں ہے اس لئے فاصلہ ہونے کی وجہ سے ٹکٹیں ویسے بھی مہنگی ہوتی ہیں، مگر " عشق کا مول نہیں"، خیر قصہ مختصر ٹکٹ بک کرا کر سفر کی تاریخ اصبر آزما انتظار شروع۔

بالآخر، 15 مئی بروز بدھ کی تاریخ آ گئی، خاکسار کی فلائٹ کیلگری سے لندن تک کی تھی، جس کے لئے پہلے تو ایڈمنٹن سے کیلگری تک کا تقریباً ڈھائی گھنٹے کا سفر بذریعہ کار کیا اور گاڑی کو ائرپورٹ پر ہی پارک کر کے کیلگری ائرپورٹ پر سامان کو چیک ان کروا کر سیکیورٹی سے گزر کر مطلوبہ گیٹ تک پہنچے، یہاں ہماری ملاقات، مکرم عاصم حنیف صاحب ناظم اعلیٰ کیلگری اور مکرم خرم باجوہ صاحب ناظم اعلیٰ پریری ریجن سے ہوئی ،عاصم صاحب تو ہمارے جہاز میں سفر کر رہے تھے جبکہ خرم صاحب ایئر کینیڈا سے سفر کر رہے تھے۔ یہاں یہ بات واضح کردوں کی ملاقات کی غرض سے نیشنل مجلس عاملہ کے اراکین کے علاوہ ریجنل ناظمین اعلیٰ بھی سفر کر رہے تھے، ویسٹرن کینیڈا سے ذکر کئے گئے دو احباب کے علاوہ، مکرم رشید احمد صاحب، ناظم اعلیٰ برٹش کولمبیا کا سفر براہ راست مانٹریال تھا، جبکہ ٹورنٹو اور گردونواح کے اراکین نیشنل عاملہ نے ٹکڑیوں کی شکل میں اُسی دن مختلف جہازوں کے ذریعے اپنے سفر کا آغاز کر لیا تھا۔ گو "منزل بھی ایک اور مقصد بھی ایک"۔

تقریباً دس بجے رات کے قریب ویسٹ جیٹ کے جہاز نے اپنی منزل کی طرف اڑان بھری، سیٹ گو بالکل بھی آرام دہ نہیں تھی، لیکن دن بھر کی تھکان اور منزل کی خوشی بے آرامی پر غالب آ گئی۔ ساڑھے آٹھ گھنٹے کی اڑان کے بعد بالآخر ہمارا جہاز بروز جمعرات تقریبا گیارہ بجے لندن کے ھیتھرو ائرپورٹ پر لینڈ کر گیا، امیگریشن وغیرہ سے فارغ ہونے کے بعد ٹرمینل 5 سے باہر آ کر اپنے میزبان جو مجلس انصار اللہ یو کے کے ایک ممبر تھے، کے ہمراہ ائرپورٹ سے

بیت الفتوح پہنچے جہاں پر تمام دوستوں کی رہائش کا بندوبست کیا گیا تھا۔ جیسے ہی بیت الفتوح کے گیٹ سے گاڑی اندر داخل ہوئی تو وہاں تو میلے کا سماں لگ رہا تھا، تمام شناسا چہرے تھے، اور مختلف عاملہ اراکین اپنے اپنے سامان کے ساتھ موجود تھے اور رجسٹریشن کے عمل کے انتظار میں تھے۔ ہمارا استقبال مکرم اشفاق احمد خان صاحب نائب صدر مجلس انصار اللہ یوکے اور اُن کی ٹیم نے بڑی گرمجوشی سے کیا ، رجسٹریشن اور کمروں کی الاٹمنٹ کے بعد ہم سب اپنے اپنے کمروں کی طرف سامان رکھنے کے لئے روانہ ہوئے، یہاں خاکسار اس بات کا تذکرہ کرنا مناسب سمجھتا ہے کہ اس سے پہلے 2015ء میں مجلس انصار اللہ کینیڈا کا ایک وفد جس میں خاکسار بھی شامل تھا۔ پیارے آقا سے ملاقات کے لئے آیا تھا اور اُس وقت اُن کی رہائش کا انتظام طاہر ہال میں گدّے بچھا کر کیا گیا تھا، اور ذہن میں اسی قسم کے انتظام کا خیال تھا، مگر بیت الفتوح کی نئی عمارت اور نیا دار الضیافت بلاک بننے کے بعد تو صورتحال بالکل مختلف ہو چکی ہے، یا ہی شاندار، صاف ستھری اور معیاری بلڈنگ بنی ہے، اگر موازنہ کیا جائے تو کسی طرح بھی ایک ہوٹل سے کم نہیں ہے، دو بیڈ یا تین بیڈ کے ساتھ ملحق باتھ روم والے کمرے، یا پھر پانچ سے سات بیڈ والے ہاسٹل نما کمرے جن کے ساتھ ہی جدید سہولیات سے مزین واش رومز، یعنی ہر کمرے کے سائز کے مطابق سہولیات میسر تھیں۔ ایسا انتظام دیکھ کر ہم تو اپنے آپ کو وی آئی پی تصور کرنے لگے۔ مگر فوراً ہی حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کو ہونے والا الہام "وَسِّعْ مَکَانَکَ" ذہن میں آ گیا اور دل اللہ تعالیٰ کی حمد سے بھر گیا کہ اللہ تعالیٰ کس طرح اپنے محبوب غلام کی سچائی دلوں پر آشکار کرتا چلا جاتا ہے۔ دل و ذہن انہیں جذبات میں غرق تھے کہ پیغام ملا کہ کھانے کے لئے مسرور ہال میں آ جائیں، وہیں سب دوستوں کے لئے انتظام ہے، تب اندازہ ہوا کہ دوپہر کے ساڑھے تین بج رہے ہیں اور ویسٹ جیٹ والوں کے دیے ہوئے مختصر ناشتے کے علاوہ کچھ بھی نہیں کھایا اور بھوک لگتی بھی کیسے کہ دیارِ یار پہنچنے کی خوشی تمام انسانی ضرورتوں پر غالب تھی۔ خیر مسرور ہال پہنچے تو سلیقے سے لگی ہوئی میز کرسیوں نے ہمارا استقبال کیا، ہمارے میزبانوں کی ٹیم نے پیالوں اور رکابیوں میں ہر ٹیبل پر ہمیں کھانا پیش کیا، ان میزبانوں کی خندہ پیشانی سے اس بات کا اندازہ ہوا کہ اُن کو اپنے کام میں مزا آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان تمام کارکنوں کو بہترین رنگ میں جزا دے۔ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد نماز عصر ادا کی اب چونکہ نماز مغرب تک کچھ وقت تھا تو کچھ دوستوں نے آرام کی غرض سے کمروں کا رخ کیا اور کچھ اپنے دوستوں اور عزیزوں سے ملنے کے لئے چلے گئے۔ ہم نے بھی کچھ دوستوں کے ساتھ مارڈن کے قریبی بازار کا رخ کیا، ضرورت تو کچھ خاص نہ تھی مگر وقت گزارنا اور کھانے کو ہضم کرنا بھی ضروری تھا۔ بازار سے مغرب کے وقت واپسی ہوئی۔ نماز مغرب وعشاء ادا کر کے ایک بار پھر کھانے کے ہال کا رخ کیا، گو کہ ابھی تک پہلے کھانا ہی ہضم نہیں ہوا تھا، مگر مسیح موعود علیہ السلام کے مہمان ہونے کی حیثیت سے اور لنگر کی برکت سے مستفیض ہونے کے لئے تھوڑا بہت کھانا مزید کھا لیا، اب یہاں سے دوستوں نے اگلے دن یعنی جمعہ کی تیاری کے لئے اپنے اپنے کمروں کا رخ کیا ، اور پھر ایک دلچسپ صورتحال نظر آئی، احباب اگلے دن کی تیاری کے سلسلے میں اپنے اپنے غیر استری شدہ کپڑے لے کر کامن روم میں آ گئے۔ ان میں وہ احباب بھی شامل تھے جو شائد پہلی دفعہ اپنے کپڑے استری کر رہے تھے اور اُن کے انداز سے واضح پتہ لگ رہا تھا، کہ باقی دنوں میں یہ فریضہ اُن کے اہل خانہ ہی انجام دیتے ہیں جبکہ کچھ تو اس میدان میں منجھے ہوئے کھلاڑی لگ رہے تھے اور ٹریننگ بتا رہی تھی کہ باقی دنوں میں یہ فریضہ وہی انجام دیتے ہیں۔ یہ بات تو ازراہ مذاق بیان کر دی ہے مگر ان تیاریوں کے بعد سب اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے۔ خاکسار کے کمرے میں اُن کے ساتھی مکرم ناصر احمد صاحب، نائب صدر مجلس انصار اللہ تھے۔ کچھ دیر مختلف امور پر بات کرنے کے بعد ، نیند نے اپنی آغوش میں لے لیا۔

اگلے دن جمعۃ المبارک یعنی ۱۷ مئی کو نماز فجر کی ادائیگی کے لئے بیدار ہوئے اور بیت الفتوح چلے گئے ، نماز فجر اور درس کے بعد کچھ دوست صبح کی سیر کے لئے چلے گئے اور کچھ واپس اپنے کمروں میں مزید آرام کے لئے چلے گئے۔ منتظمین کی طرف سے ہدایت تھی کہ چونکہ ہم نے نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے اسلام آباد جانا ہے اس لئے تمام احباب دس اور ساڑھے دس بجے کے درمیان تیار ہو کر باہر آ جائیں تا کہ بر وقت روانگی ہو سکے۔ صبح کے ناشتے کا وقت آٹھ بجے بتایا گیا۔ ٹائم زون کی تبدیلی اور تھکان دور ہو جانے کی وجہ سے اب نیند تو آنی نہیں تھی اس لئے ہم نے بھی یہی فیصلہ کیا کہ ذرا لندن کی صبح کے مزے لئے جائیں۔ لہذا ایک دفعہ پھر ابن بطوطہ بن کر بیت الفتوح کے گردونواح میں چہل قدمی کرنی شروع کر دی، مارڈن اسٹیشن کے آس

پاس کی دکانیں ابھی بند ہی تھی، ایک دو کافی شاپ دیکھی مگر لندن کی کافی، کینیڈا کی کافی سے مختلف ہوتی ہے اور تیز بھی اس لئے ایک جوس کی بوتل لے کر اُسی پر اکتفا کر لیا۔ مارڈن کے علاقے کے پاس آپ کو مختلف النسل لوگ نظر آئیں گے، اور اسٹیشن کے پاس ورکنگ ڈے ہونے کی وجہ سے کافی ہل چل تھی۔ چہل قدمی کر کے واپس آئے تو ناشتے کا وقت تقریباً ہو ہی چلا تھا، گرما گرم اور لذیذ ناشتے کے بعد اسلام آباد جانے کی تیاری شروع کر دی، وقت مقررہ پر تیار ہو کر نیچے پہنچے تو کچھ دوست پہلے سے موجود تھے اور کچھ ابھی آنا باقی تھے۔ کیمرہ ہاتھ میں ہو اور بٹن نہ دبے یہ تو ہو ہی نہیں سکتا، اس لئے مختلف دوستوں اور گروپوں کی تصاویر بنانی شروع کر دیں۔ اس دوران باقی دوست بھی آ گئے آخری ایک دو گروپ فوٹوز بنانے کے بعد یہ تمام قافلہ چھ سے سات مختلف منی ویز میں عازم منزل ہوا۔ مجلس انصار اللہ یوکے کی طرف سے آج کے دن ہماری آمد و رفت کی ذمہ داری طاہر ریجن کو دی گئی تھی۔ بیت الفتوح سے اسلام آباد کا فاصلہ ٹریفک اور تعمیراتی کام کی وجہ سے تقریباً ڈیڑھ گھنٹے پر مشتمل ہے۔ گو کل شام کو بارش ہوئی تھی مگر آج کا موسم نہایت صاف اور کھلا ہوا تھا۔ سفر جیسے جیسے اپنی منزل کے قریب پہنچ رہا تھا، دل کی عجیب کیفیت ہو رہی تھی۔ چھ سال بعد اپنے پیارے محبوب کا دیدار ہونے جا رہا تھا، گو کہ ایم ٹی اے کے ذریعے مسلسل اور 2023ء میں ورچوئل ملاقات کے ذریعے ملاقات ہوئی تھی مگر جو بات بنفس نفیس دیدار کا ہے اُس کا مزا ہی کچھ اور ہے، پچھلی ملاقات کا احوال سوچتے سوچتے ہم اسلام آباد کے گیٹ تک پہنچ گئے۔ پچھلی دفعہ جب 2018ء کے جلسے پر یہاں آئے تھے تو تعمیراتی کام چل رہا تھا۔ مگر اب تو یہاں کا نقشہ ہی کچھ اور تھا، یوں کہیے کہ ایک شہر آباد ہے اور شہر بھی وہ جس کی حفاظت پر فرشتے مامور ہیں اور کیوں نہ ہو کہ آج روئے زمین پر اللہ تعالیٰ کا چنیدہ بندہ اس جگہ پر رہتا ہے اور ہر

وقت اس جگہ پر اللہ کے فضلوں کی بارش ہوتی ہے۔ گاڑیوں سے اتر کر سب سے پہلے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کے مزار پر دعا کی اور پھر سیکیورٹی گیٹ کی طرف روانہ ہوئے، سیکیورٹی گیٹ پر بادل ناخواستہ (مگر سیکیورٹی کی وجہ کو سمجھتے ہوئے) اپنا کیمرہ رکھوا کر آگے بڑھے تو خوبصورت اور ترتیب سے بنی ہوئی عمارتوں نے ہمارا استقبال کیا بائیں طرف پرائیوٹ سیکرٹری صاحب اور دیگر دفاتر اور پھر اُس سے آگے ایم ٹی اے کا اسٹوڈیو، دائیں طرف فینس کے پار کارکنان کے رہائشی مکانات جو ایک ترتیب سے بنے ہوئے تھے۔ عثمان بلاک کو کراس کریں تو سبزہ زار کے بائیں طرف پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی رہائش گاہ اپنی سادگی مگر خوبصورتی کی وجہ سے دل پر اثر انداز ہے جبکہ سامنے مسرور ہال کی عمارت ہے، ان دونوں عمارتوں کے بیچ مسجد مبارک کی خوبصورت عمارت ہے۔ یہی وہ مبارک جگہ ہے جہاں سے ہر ہفتے رشد و ہدایت کے الفاظ دنیا بھر کے لاکھوں لوگوں کے لئے ہدایت کا موجب بنتے ہیں اور ہزاروں، لاکھوں روحوں میں تبدیلی کا باعث بنتے ہیں۔ سبزہ زار کے درمیان چلنے والوں کے لئے پختہ راستہ بنا ہوا ہے جس پر ہم چلتے ہوئے مسجد مبارک کے سامنے اور مسرور ہال کے پچھلے دروازے کی طرف بنے ہوئے شیڈ تک پہنچ گئے اور لائینوں میں مسجد کا دروازہ کھلنے کا انتظار کرنے لگے۔ دروازہ کھلنے پر ہم سب مسجد کے اندر

داخل ہوئے اور اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے، ہم سب کی خواہش تھی کہ جتنا ممکن ہو سکے ایسی جگہ بیٹھیں جہاں سے نہ صرف پیارے آقا کا قُرب حاصل ہو بلکہ دیدار کا لطف بھی حاصل ہو، پہلی اذان ہونے پر سنتوں کی ادائیگی کے بعد ذکر الٰہی کے ساتھ ساتھ انتظار کے لمحات طویل سے طویل ہوتے محسوس ہوئے۔ بائیں طرف کا دروازہ کھلا ہوا تھا اور حفاظت خاص پر معمور خدام وقتاً فوقتاً مختلف امور کا جائزہ لے رہے تھے۔ تقریباً مسجد میں تمام افراد کی نظریں دروازے کی طرف تھی اور بے چینی سے اپنے محبوب ی آمد کے انتظار میں تھیں۔ بالآخر انتظار کی گھڑیاں ختم ہوئی اور پیارے آقا تشریف لائے، وہ بادشاہ جو لاکھوں دلوں کی دھڑکن اور جس پر ہمارے ماں باپ قربان۔ اپنی حالیہ سرجری کے باعث ڈاکٹروں کی ہدایت کے مطابق چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے ہوئے منبر کی طرف پہنچے، عین اس موقع پر مرحوم عبید اللہ علیم کا یہ شعر ذہن میں آ گیا۔

اے شہسوار حسن یہ دل ہے یہ میرا دل

یہ تیری سرزمیں ہے قدم ناز سے اٹھا

دوسری اذان کے بعد پیارے آقا نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ سالوں کی پیاس بجھانے کے لئے کوزہ سامنے تھا اور پیاس تھی کہ بجھنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی، خواہش تھی کہ بس وقت تھم جائے اور اور صدیاں یونہی بنا کچھ کہے اور کچھ سنے گذر جائیں، اس موقع پر دل کی یہ حالت تھی کہ جذبہ

عقیدت نظروں کے اُوپر اٹھنے سے مانع تھا اور شدت عشق میں آنکھیں نیچے جھکنے سے قاصر تھیں۔ یا اللہ اپنی تمام رحمتوں اور برکتوں کو اس ایک شخص پر اُتار دے جو ہماری دلوں کی ڈھڑکن ہے اور جس ایک کی سانسوں سے ہماری سانسیں چلتی ہیں (آمین)۔ خطبہ جمعہ کے بعد پیارے امام کی اقتدا میں نماز ادا کی۔ اور نماز کے بعد حضور انور واپس تشریف لے گئے اور ہماری یہ حالت کہ

وہ سامنے ہیں مگر تشنگی نہیں جاتی
یہ کیا ستم ہے کہ دریا سراب جیسا ہے

خیر دل کو تسلی دیتے ہوئے باہر نکلے کہ ابھی تو آغاز ہے رخ انور کے نظاروں کے اور بھی مواقع ملیں گے۔ اور انشااللہ اپنی پیاس بجھاتے رہیں گے۔

نماز جمعہ کے بعد ہماری اگلی منزل جامعہ احمدیہ، یو کے تھی اور دوپہر کے کھانے کا انتظام بھی وہیں پر تھا۔ لہٰذا ہم سب واپس پارکنگ لاٹ کی طرف چل دیے جہاں گاڑیاں ہمارا انتظار کر رہی تھیں۔ اسلام آباد سے جامعہ احمدیہ کا فاصلہ تقریباً بیس سے تیس منٹ کا ہے، جامعہ احمدیہ پہنچنے پر ہمارا استقبال مکرم و محترم وسیم فضل صاحب مربی سلسلہ نے کیا، آپ نے سب دوستوں کو خوش آمدید کہا اور فرمایا کہ پہلے آپ جامعہ احمدیہ کی بلڈنگ اور گرد و نواح کا باہر سے جائزہ لے لیں اور پھر کھانے کے بعد آپ کو جامعہ احمدیہ کا اندر سے دورہ کرائیں گے۔ لہٰذا ہمارا گروپ دو حصوں میں تقسیم ہو گیا اور ہمیں جامعہ کے دو سینئر طالب علموں کے حوالے کر دیا گیا اور انہوں نے احسن طریقے سے نہ صرف ہمیں جامعہ کے مختلف اطراف کا دورہ کروایا بلکہ ہمارے مختلف سوالوں کے جواب بھی دیے، جامعہ کے روزمرہ کے معمولات کے بارے میں بھی بتایا۔ بیرونی جائزے کے بعد ہم جامعہ احمدیہ کے اندر داخل ہوئے اور ڈائننگ ہال کی طرف چل دیے جہاں ہمارے لئے کھانے کا انتظام تھا۔ ڈائنگ ہال میں داخل ہوئے تو ایک بھرپور اور شاندار کھانا ہمارا منتظر تھا، یقین مانیں اگر ہمارے زمانے میں من وسلویٰ اترتا تو شائد یہی ہوتا، گرما گرم پلاؤ، گوشت کا سالن، چکن اور پھر تازہ فرائی مچھلی۔ میٹھے میں زردہ اور آئس کریم، گرما گرم چائے نے تو کمال کر دیا، سب دوستوں نے سیر ہو کر کھایا جس کے بعد وسیم فضل صاحب نے جامعہ کا اندرونی دورہ کروایا، مختلف کلاس رومز، لائبریری، لیکچر ہال اور اسمبلی ہال کا تعارف کروایا۔ سنیئر سیکشن اور جونیئر سیکشن کے بارے میں بتایا، خاص طور پر وہ حصہ دکھایا جہاں سے طالب علم اپنے گھر والوں کو فون کرتے ہیں کیونکہ اُن کو عام دنوں میں اپنے ساتھ موبائل فون رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ اس دوران دوست مختلف سوالات بھی کرتے رہے اور مختلف تصاویر بھی بناتے رہے، ہاں یہ ضرور تھا کہ دو چار دوست اتنے پُر تکلف کھانے کے بعد لابی میں پڑے صوفوں پر نیم دراز تھے کہ " اور بھی غم ہیں زمانے میں چلنے کے سوا"

جامعہ کے اندرونی دورے سے فارغ ہوئے تو ہماری واپسی کی تیاری شروع ہوگئی، صدر محترم عبدالحمید وڑائچ صاحب نے اپنے میزبانوں کا شکریہ ادا کیا اور خاص طور پر اُن کی مہمان نوازی کا، اللہ تعالیٰ وسیم فضل صاحب اور اُن کی ٹیم پر اپنا بے پناہ فضل نازل فرمائے اور اُن کی قربانیوں کو قبول فرمائے آمین۔

جامعہ سے رخصت ہو کر ہمارا قافلہ واپس اسلام آباد کی طرف روانہ ہوا جہاں پروگرام کے مطابق نماز عصر ادا کرنی تھی۔ عصر کی نماز سے کچھ پہلے اسلام آباد پہنچ گئے جہاں ایک دفعہ پھر دوستوں نے مسجد مبارک کے گردونواح میں تصاویر بنوائیں اور اس یادگار موقع کو کیمرے کی آنکھ سے محفوظ کیا کہ نہ جانے پھر کب یہ موقع ملے۔ عصر کی نماز سے پہلے وضو وغیرہ کر کے مسجد مبارک کے اندر آ کر بیٹھ گئے اور پھر وہی انتظار کے لمحات کہ کب ہجر کے لمحات وصل میں بدل جائیں اور ایک بار پھر دیدار کا شرف حاصل ہو، بالآخر پیارے آقا تشریف لائے اور مسجد کے ہال میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو پیار بھرا سلام کہا، آپ کی اقتدا میں نماز عصر ادا کی۔ جاتے ہوئے آپ نے حسب طریق ایک دفعہ پھر سب کو السلام علیکم کہا

تیری آمد اور پھر تیرے جاتے سمے
تیرے بھیجے ہوئے سلام اچھے لگے
در مولا جھکی جو جبیں تیری اقتدا میں
ہمیں اپنے سجدے وہ قیام اچھے لگے

نماز عصر کی ادائیگی کے بعد ہمارا بیت الفتوح کی طرف واپسی کا سفر شروع ہوا، گاڑیاں تیار کھڑی تھیں اور ہم سب اس میں بیٹھ کر واپس بیت الفتوح کی طرف روانہ ہوئے، دن بھی کی مصروفیت اور پُر تکلف دوپہر کا کھانا اپنا رنگ دکھا رہا تھا، واپسی کے سفر میں اکثر احباب کی طرح ہم بھی نیند کی آغوش میں چلے گئے اور تب جاگے جب گاڑیاں بیت الفتوح کے

